حیسکو پریس ریلیز 13.09.2026

زیرولوڈشیڈنگ فیڈرز پر بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت ان فیڈرز کی سخت مانیٹرنگ اور مسلسل وجیلنس کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے۔ بجلی چوری میں ملوث کسی بھی صارف یا حیسکو ملازم کے خلاف بلا امتیاز اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ بجلی چوری ثابت ہونے کی صورت میں ایف آئی آر کا اندراج بھی کرایا جائے گا۔ ملوث حیسکو ملازمین کے خلاف قانون کے ساتھ ساتھ محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ قانون کے نفاذ میں کسی فرد، صارف یا ملازم کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ڈی ایس یو اور پولیس کے تعاون سے بجلی چوروں کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز اور مؤثر کر دیا گیا ہے، جبکہ زیرولوڈشیڈنگ فیڈرز پر بجلی چوری کی روک تھام کے لیے فیلڈ افسران اور متعلقہ عملے کو خصوصی نگرانی کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ حیسکو کا واضح اور دوٹوک عزم بجلی چوری کا مکمل خاتمہ، سو فیصد ریکوری کا حصول، لائن لاسز میں مزید کمی، صارفین کا اعتماد بحال کرنا اور انہیں بجلی کی بہتر سے بہتر فراہمی و سہولیات یقینی بنانا ہے۔ اچھی اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و ملازمین حیسکو کے قیمتی اثاثہ اور ادارے کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرنے والی ٹیم کا حصہ ہیں۔ دیگر تمام افسران و ملازمین بھی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں اور ریکوری میں اضافے، بجلی چوری کے مکمل خاتمے، لائن لاسز میں کمی اور صارفین کو بہتر بجلی کی فراہمی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ حیسکو کی مجموعی کارکردگی میں بہتری کے لیے ہر افسر اور ملازم کو اپنا بھرپور اور مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے حیسکو کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل میرپور خاص اور سرکل نواب شاہ کے افسران کے ساتھ ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے لیے میٹنگ کی جس میں تمام سب ڈویژنز، ڈویژنز اور سرکلز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جس میں ریکوری، لائن لاسز، بجلی چوری کے خلاف اقدامات اور زیرولوڈشیڈنگ فیڈرز کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دی گئی۔ میٹنگ میں حیسکو چیف نے کہا کہ زیرولوڈشیڈنگ فیڈرز پر بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت ان فیڈرز کی سخت مانیٹرنگ اور مسلسل وجیلنس کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے۔ بجلی چوری میں ملوث کسی بھی صارف یا حیسکو ملازم کے خلاف بلا امتیاز اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ بجلی چوری ثابت ہونے کی صورت میں ایف آئی آر کا اندراج بھی کرایا جائے گا۔ ملوث حیسکو ملازمین کے خلاف قانون کے ساتھ ساتھ محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ قانون کے نفاذ میں کسی فرد، صارف یا ملازم کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ڈی ایس یو اور پولیس کے تعاون سے بجلی چوروں کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز اور مؤثر کر دیا گیا ہے، جبکہ زیرولوڈشیڈنگ فیڈرز پر بجلی چوری کی روک تھام کے لیے فیلڈ افسران اور متعلقہ عملے کو خصوصی نگرانی کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ حیسکو کا واضح اور دوٹوک عزم بجلی چوری کا مکمل خاتمہ، سو فیصد ریکوری کا حصول، لائن لاسز میں مزید کمی، صارفین کا اعتماد بحال کرنا اور انہیں بجلی کی بہتر سے بہتر فراہمی و سہولیات یقینی بنانا ہے۔ اچھی اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و ملازمین حیسکو کے قیمتی اثاثہ اور ادارے کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرنے والی ٹیم کا حصہ ہیں۔ دیگر تمام افسران و ملازمین بھی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں اور ریکوری میں اضافے، بجلی چوری کے مکمل خاتمے، لائن لاسز میں کمی اور صارفین کو بہتر بجلی کی فراہمی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ حیسکو کی مجموعی کارکردگی میں بہتری کے لیے ہر افسر اور ملازم کو اپنا بھرپور اور مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے ذریعے صارفین کے مسائل سنے جا رہے ہیں، ٹیلیفون کالز اٹینڈ کی جا رہی ہیں اور صارفین کی عزتِ نفس کا مکمل خیال رکھتے ہوئے انہیں بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام افسران روزانہ صبح **11** بجے سے دوپہر **1** بجے تک کھلی کچہریوں کا انعقاد یقینی بنائیں اور صارفین کے جائز مسائل فوری طور پر حل کریں۔ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے بہتر کارکردگی دکھانے والے افسران اور تکنیکی عملے کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ جو افسر اور ملازمین محنت اور دیانتداری سے کام کریں گے وہی ادارے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پوری ٹیم کو یکجا ہو کر صرف اور صرف کام، کام اور کام کی پالیسی پر عمل کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ خود اور ان کی ٹیم فیلڈ میں اچانک دورے کرے گی، اور جہاں بھی بجلی چوری پکڑی گئی وہاں متعلقہ انچارج افسر اور لائن اسٹاف کے خلاف موقع پر کارروائی کی جائے گی، جس کے وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔ حیسکو چیف نے مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ حیسکو گزشتہ مالی سال کے دوران **68** فیڈرز کو زیرولوڈشیڈنگ فہرست میں شامل کر چکے ہیں۔ موجودہ مالی سال میں بھی مزید **68** عدد **11** کے وی فیڈرز کو زیرولوڈشیڈنگ کیا جائے گا، ایک ٹیم کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے صارفین کا اعتماد بحال کیا جا رہا ہے اور ان شاء اللہ اسی جذبے اور محنت کے ذریعے حیسکو کو مزید ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے گا۔ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ اس وقت صارف دوست پالیسی کے تحت پوری حیسکو ریجن میں بجلی کی فراہمی جاری ہے، لہٰذا تمام افسران اور عملہ عوام اور صارفین کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں، انہیں بہتر سہولیات فراہم کریں اور بجلی کے بلوں کی سو فیصد وصولی کو یقینی بنائیں چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، چیف ٹیکنیکل/انجینئرنگ ایڈوائزر طفیل حسین میر بحر، چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، چیف کمرشل آفیسرز کی مختیار، ڈی جی (آئی ٹی) نادر علی خشک، ایس ای آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی، منیجر (ایم ایم) شاہد داؤد پوتہ، منیجر (اے ایم آئی) احمد خان سراز، ڈائریکٹر (کمرشل) اختر لطیف صدیقی، ریجنل اسٹور منیجر نواب شاہ غوث بخش جتوئی، منیجر (ایس اینڈ آئی) منظور علی مگسی، سرکل منیجر ایم اینڈ ٹی نواب شاہ وقار علی جویو، ایکسین آپریشن ڈویژن میرپور خاص فرید الدین میمن، ایکسین آپریشن ڈویژن ڈگری امجد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن عمرکوٹ علی رضا بھٹی، ایکسین آپریشن ڈویژن نواب شاہ مخدوم مدثر، ایکسین آپریشن ڈویژن ٹنڈو آدم غیاث الدین شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن ٹیاری غلام فاروق تنیو، ایکسین آپریشن ڈویژن سانگھر طارق ندیم جاٹ، ڈی سی ایم سرکل میرپور خاص آصف علی میمن، ڈی سی ایم سرکل نواب شاہ نوید اختر چاچڑ، ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) سرکل نواب شاہ انصاف علی بروہی، پی ایس او/لائزن آفیسر فراز اشرف، ڈپٹی ڈائریکٹر (پی آر) محمد صادق کبر، اور ان کے علاوہ تمام ریونیو آفیسرز، ایس ڈوی اوز و دیگر افسران بھی موجود تھے۔



حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل میرپور خاص اور نواب شاہ کے افسران سے ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے، اور افسران کو کارکردگی میں مزید بہتری، ریکوری میں اضافے، بجلی چوری کا خاتمہ اور صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی کے حوالے سے ضروری ہدایات دیتے ہوئے۔